اُردو (لازمی)	انٹر (پارٹ-II)	پرچہ II: (معروضی طرز)
وقت: 20 منٹ	2017ء (دوسرا گروپ)	کل نمبر: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے دُرست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

دیے گئے سوالات کے جوابات میں سے دُرست جواب منتخب کیجیے:

1-1- حجاج بن یوسف کو خط لکھا:

(a) زبیدہ نے (b) ناہید نے ✓

(c) اُم کلثوم نے (d) آمنہ نے

-2 سبق ''ہوائی'' صنفِ ادب ہے:

(a) افسانہ (b) سفرنامہ ✓

(c) ڈرامہ (d) ناول

-3 آل انڈیا مسلم لیگ قائم ہوئی:

(a) 1910ء (b) 1906ء ✓

(c) 1899ء (d) 1911ء

-4 سبق ''مواصلات کے جدید ذرائع'' کا مصنف ہے:

(a) ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی (b) ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن ✓

(c) بیگم اختر ریاض الدین (d) حسن نظامی

-5 خسرو آرام بادشاہ تھا:

(a) بڑا ظالم (b) فرشتہ سیرت ✓

(c) بے وقوف (d) چالاک

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِنظر رکھتے ہوئے دُرست جواب منتخب کیجیے:

-6 ''مکاتیبِ غالب'' آج ہی بازار میں۔۔۔۔۔:

(a) آئے ہیں (b) آئیں ہیں

(c) آئی ہے ✓ (d) آیا ہے

7- بیگم نے فرمایا ہم نہیں آئیں۔۔۔۔:

(a) ہیں (b) گے ✓

(c) گی (d) گئیں

8- اُس کے ہوش وحواس۔۔۔۔:

(a) جاتا رہا (b) جاتی رہی

(c) جاتے رہے ✓ (d) گیا

9- ۔۔۔۔آگے راستہ تھا، اس لیے ہمیں واپس آنا پڑا:

(a) جبکہ (b) کیونکہ

(c) چونکہ ✓ (d) جب

10- کامیابی اور ناکامی اللہ کے ہاتھ میں۔۔۔۔:

(a) ہے ✓ (b) ہیں

(c) ہوئی (d) ہوئے

رموزِ اوقاف کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے دُرست جواب منتخب کیجیے:

11- سوالیہ جملے کے بعد کون سی علامت استعمال ہوتی ہے:

(a) ۔ (b) ؟ ✓

(c) ، (d) !

12- عزیز ساتھیو۔۔۔۔غور سے سنو:

(a) ، (b) ! ✓

(c) ۔ (d) ؟

13- وقفہ کی تعریف ہے:

(a) تفصیل بیان کرنا (b) سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ ✓

(c) مکمل ٹھہراؤ (d) مخاطب کرنا

14- بھرپور ٹھہراؤ/مکمل ٹھہراؤ کی علامت کہلاتی ہے:

(a) وقفہ (b) سکتہ

(c) ختمہ ✓ (d) فجائیہ

15- یہ علامت :- ہے:

(a) تفصیلیہ ✓
(b) مختصر ٹھہراؤ
(c) سوالیہ
(d) ندائیہ

امدادی افعال کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے دُرست جواب منتخب کیجیے:

16- چکنا:

(a) کیا تم نماز پڑھ چکے ہو؟ ✓
(b) میرا حساب چکتا کرو۔
(c) تمھیں یہ رقم جلد چکانا ہوگی۔
(d) میری نیکی کا تم نے خوب بدلہ چکایا۔

17- چاہنا:

(a) تم کیا چاہتے ہو؟ ✓
(b) جو چاہو مانگ لو۔
(c) جنازہ اُٹھا ہی چاہتا ہے۔
(d) نجمہ اکرم کو بہت چاہتی ہے۔

18- آنا:

(a) بہن کو سکول سے لے آؤ۔ ✓
(b) نجمہ سکول سے آ گئی ہے۔
(c) میرے پاس آؤ۔
(d) تم کب آئے؟

19- سکنا:

(a) مریض سکتے میں چلا گیا۔
(b) تم پر سکتہ کیوں طاری ہو گیا ہے؟
(c) کیا تم میری مدد کر سکتے ہو؟ ✓
(d) چار ماہ سکتے میں رہ کر مریض انتقال کر گیا۔

20- دینا:

(a) راہِ خدا میں کچھ دیا کرو۔
(b) اکرم نے امجد کو مار دیا۔ ✓
(c) یہ قلم مجھے دو۔
(d) احمد نے فقیر کو خیرات دی۔